dailysangram77@gmail.com 0333-6666251 ABC Certified

وہاڑی، لاہور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

DAILY Sangram Lahore

روزنامہ سنگرام لاہور

چیف ایڈیٹر: عبدالخالق کلال

ایڈیٹر: محمد حمزہ کلال

جلد نمبر03 | منگل 11 رجب المرجب 1445ھ 11 ماگھ 23 جنوری 2024ء (صفحات 4 قیمت 10 روپے) | شمارہ نمبر20

وفاقی محتسب ملتان ریجن کی جانب سے آگاہی سیمینار کا انعقاد

وفاق کے زیر انتظام سرکاری محکموں بارے عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا ہے: محمود جاوید بھٹی

وہاڑی (محمد طاہر بھٹی) وفاقی محتسب ملتان ریجن کی جانب سے دارارقم سکول میں ادارہ کی افادیت واہمیت کے موضوع پر آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی تھے اس موقع پر پرنسپل دارارقم طارق فاروق بھٹی، طلبا اور اساتذہ کرام کی کثیر تعداد موجود تھی مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے کہا کہ وفاق کے زیر انتظام سرکاری محکموں بارے عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا ہے کسی وکیل کے بغیر بلا تاخیر، بلاتفریق، بلاتعطل سائلین کے مسائل حل کر رہا ہے اور وفاقی محتسب عوامی شکایات کے حل کیلئے سب سے آگے ہے انہوں نے مزید نے کہا کہ شہری کسی بھی وفاقی محکمے کے خلاف سادہ کاغذ پر درخواست یا 1055 پر ایس ایم ایس یا واٹس ایپ، انسٹاگرام یا ای میل کے ذریعے اپنی شکایت درج کراسکتے ہیں سائل کی درخواست کی سماعت کے حوالے سے درخواست گزار کو ایس ایم ایس بھیجا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر سائل کے مسئلہ کو حل کیا جاتا ہے سیمینار میں مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ادارہ وفاقی محتسب کے اغراض و مقاصد، افادیت اور کارکردگی سے طلبا و طالبات کو آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلی کے ویژن کے مطابق عوام کو انصاف کی فراہمی جاری ہے ادارہ وفاقی محتسب کے ریجنل دفاتر عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں اور وفاقی اداروں سے متعلق شکایات لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف مہیا کر رہے ہیں سیمینار کے اختتام پر ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے طلبا و طالبات کے سوالوں کے جوابات بھی دیئے اور دنیاوی تعلیم کے ساتھ دینی تعلیم حاصل کرنے زور دیا۔ بعد ازاں ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی کے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران واپڈا سے متعلقہ 63 سائلین کی طرف سے آنے والی درخواستوں کی سماعت کی اور جلد حل کے لیے احکامات صادر کیئے۔

وہاڑی۔ مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی دارارقم سکول میں وفاقی محتسب ادارہ کی افادیت اور اہمیت بارے منعقدہ سیمینار میں طلبا و اساتذہ کو آگاہی دے رہے ہیں پرنسپل دارارقم طارق فاروق بھٹی بھی خطاب کرتے ہوئے۔